## بخدمت جناب چیف الیکشن کمیشن آف پاکستان

شیخ اعجاز احمد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ولد عبدالرحیم سکنہ حال P-70 رحمان گارڈن ستیانہ روڈ فیصل آباد MPA حلقہ PP-68 فیصل آباد سٹی (سائل/پٹیشنر)

## بنام

1۔ چیف الیکشن کمیشن آف پاکستان بذریعہ سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

2۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

(رسپانڈنٹس)

## اعتراضات منجانب سائل/پٹیشنر برتجویز کردہ حلقہ بندیاں ضلع فیصل آباد بابت سال 2018ء الیکشن مجوزہ

**جناب عالی!** پٹیشنر حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

1۔ یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ پبلک نوٹس بذریعہ پریس ریلیز قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کی ابتدائی حلقہ بندیاں شائع کی ہیں۔ جن کے مطابق مجوزہ قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کی ابتدائی رپورٹ شائع کی ہے۔ اور بمطابق پبلک نوٹس جناب نے الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 21 اور الیکشن رولز کے قاعدہ 11 کے تحت عوام الناس کو مطلع کیا گیا ہے کہ ابتدائی حلقہ بندیوں کے مطابق اعتراضات الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سیکرٹریٹ شاہراہ دستور، G-5-2 اسلام آباد میں جمع کروائیں۔ جن کے مطابق سائل/پٹیشنر الیکشن لسٹ 2017 میں چارج نمبر 149640205 سیریل نمبر 207 گھرانہ نمبر 60 شناختی کارڈ نمبر 33100-4550861-5 میں رجسٹرڈ ووٹر ہے۔ اور PP-113 سے الیکشن منعقدہ 2018 سے الیکشن لڑنے کا خواہشمند ہے۔ اور PP-113 (سابقہ PP-68) سے رکن صوبائی اسمبلی ہے۔ فوٹو کاپی لسٹ، ووٹر لسٹ لف پٹیشنن ہذا ہے۔

-2 یہ کہ آپ نے الیکشن منعقدہ 2018 کیلئے تجویز کردہ قومی وصوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کی مجوزہ ابتدائی حلقہ بندیاں بذریعہ مارک شدہ نقشہ ہذا متعلقہ صوبائی الیکشن کمیشن سے حاصل کرنے پر پتہ چلا ہے کہ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-68 کوری وزٹ کرتے ہوئے آپ نے الیکشن منعقدہ سال 2018 کو صوبائی حلقہ PP-68 (سابقہ) کو صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-113 میں تجویز کردہ درج ذیل چارج پر مشتمل کر دیا گیا ہے۔

| چارج | آبادی |
|---|---|
| 31 | 30991 |
| 33 | 76253 |
| 35 | 40235 |
| 36 | 46322 |
| 37 | 33013 |
| 38 | 47752 |
| 39 | 54208 |
| 34 | 78971 |
| کل آبادی | 374735 |

اگر چارج نمبر 34 کو موجودہ تجویز کردہ صوبائی اسمبلی حلقہ P-113 سے نکال دیا جائے تو بعد از منہائی حلقہ نمبر PP-113 کی کل آبادی 295744 نفوس پر رہ جائے گی۔ اگر صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-112 سے چارج نمبر 30 جس کی آبادی 30737 اور اسی طرح صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-115 سے چارج نمبر 37 جس کی آبادی 33013 نفوس پر مشتمل ہے کو نکال کر چارج نمبر 30 مذکورہ اور چارج نمبر 37 کو صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-113 میں شامل کر دیا جائے تو PP-113 کی کل آبادی 359514 افراد پر مشتمل ہو جائیگی۔ اس طرح PP-113 جو کہ شہری حلقے پر مشتمل ہے کی آبادی میں کوئی خاص فرق نمایاں نہ ہوگا۔

-3 یہ کہ بمطابق مجوزہ حلقہ بندی سٹی فیصل آباد کہ جس میں سائل/پٹیشنر صوبائی اسمبلی حلقہ نمبر PP-113 سے بطور ممبر صوبائی اسمبلی الیکشن لڑنا چاہتا ہے۔ جو کہ چارج نمبر 39-38-35-34-33-31 پر مشتمل ہے۔ جس کی کل آبادی 374,735 نفوس پر مشتمل ہے۔ جس میں چارج نمبر 34 کی کل آبادی 78971 نفوس پر مشتمل ہے کو صوبائی اسمبلی حلقہ PP-113 سے نکال کر صوبائی اسمبلی حلقہ نمبر PP-107 میں شامل کر دیا جائے۔ جبکہ چارج نمبر 30 جو کہ مجوزہ حلقہ بندی سال 2018 کیلئے صوبائی اسمبلی حلقہ نمبر PP-112 کا حصہ ہے اور اسی طرح چارج نمبر 37 صوبائی اسمبلی حلقہ نمبر PP-115 کا حصہ ظاہر کیا گیا ہے کو صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-112 سے نکال کر صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-113 کا حصہ بنا دیا جائے تو اس طرح صوبائی اسمبلی کے حلقہ

نمبر PP-113 سے چارج نمبر 34 کو نکال کر چارج نمبر 37-30 کو صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-113 میں شامل کرنے پر صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-113 کے نفوس کی تعداد 359514 پر مشتمل ہو جائے گی۔ اس طرح صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-113 کے کل افراد کی تعداد 374735 ہے۔ جس میں سے چارج نمبر 34 کے ووٹران کی تعداد 78971 کو منفی کرنے کے بعد کل افراد کی تعداد 295764 بقایا بچتے ہیں جبکہ چارج نمبر 37-30 کو شامل کرنے پر کل ووٹران کی تعداد 359514 بنتی ہے۔ اس طرح انتظامی طور پر علاقے کی فلاح و بہبود میں بہتری آئے گی۔ مذکورہ تجاویز کو مندرجہ ذیل طریقہ سے ظاہر کیا گیا ہے۔

| چارج | آبادی | چارج | آبادی |
|---|---|---|---|
| 31 | 30991 | 31 | 30991 |
| 33 | 76253 | 33 | 76253 |
| 35 | 40235 | 35 | 40235 |
| 36 | 46322 | 36 | 46322 |
| 38 | 47752 | 38 | 47752 |
| 39 | 54208 | 39 | 53908 |
| 34 | 78971 | 30 | 30737 |
| | | 37 | 33013 |
| کل آبادی | 374735 | کل آبادی | 359514 |

چارج نمبر 34 کے افراد کی تعداد کم کرنے پر کل آبادی 295764 ہے۔

4۔ یہ کہ الیکشن منعقدہ سال 2018 کیلئے صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-115 جو کہ درج ذیل چارج پر مشتمل ہے۔

| چارج | آبادی | چارج | آبادی |
|---|---|---|---|
| 37 | 33013 | | |
| 52 | 34849 | 52 | 34849 |
| 53 | 22263 | 53 | 22263 |
| 54 | 26940 | 54 | 26940 |
| 55 | 18688 | 55 | 18688 |
| 56 | 51651 | 56 | 51651 |
| 57 | 39396 | 57 | 39396 |
| 59 | 79161 | 59 | 79161 |
| 73 | 55733 | 73 | 55733 |
| 04 | 16848 | 04 | 16848 |
| کل آبادی | 379542 | کل آبادی | 346529 |

نفوس پر مشتمل ہے اور جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ چارج نمبر 37 جو کہ PP-115 کا حصہ ہے۔ چارج نمبر 37 کو نکال کر PP-115 کی آبادی 346529 رہ جائیگی۔

اس طرح چارج نمبر 37 کو منفی کرتے ہوئے صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-113 مذکورہ میں شامل کرنے کی تجویز دی جارہی ہے۔ اور چارج نمبر 37 کو نکالنے کے بعد صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-115 کے کل افراد کی تعداد 379542 سے کم ہو کر 346529 رہ جائیگی۔

یہ کہ اسی طرح چارج نمبر 25 جس کی کل آبادی 26292 نفوس پر مشتمل ہے جو کہ صوبائی اسمبلی کا حلقہ نمبر PP-112 میں شامل ہے۔ جسے صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-112 سے نکال کر صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر PP-115 میں شامل کرنے پر درج ذیل چارج کی صورت کل افراد کی تعداد کو اس طرح تجویز کیا جارہا ہے۔

| چارج | آبادی |
|---|---|
| 52 | 34849 |
| 53 | 22263 |
| 54 | 26940 |
| 55 | 18688 |
| 56 | 51651 |
| 57 | 39396 |
| 59 | 79161 |
| 73 | 55733 |
| 04 | 16848 |
| کل آبادی | 346529 |
| 25 | + 26292 |
| کل آبادی | 372821 |

مذکورہ چارج نمبر 37 جو کہ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-115 میں شامل ہے نکال دیا جائے اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ P-113 میں شامل کر دیا جائے تو اس طرح صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-115 میں چارج نمبر 25 جو کہ 26292 نفوس پر مشتمل ہے جو قبل ازیں PP-112 میں شامل ہے PP-115 میں شامل ہونے پر کل افراد 372821 ہو جائیں گے۔ جسے صوبائی حلقہ نمبر PP-115 کی آبادی میں زیادہ فرق نہیں پڑے گا۔ اور انتظامی بلاک میں بھی بہتری آئے گی۔

5۔ یہ کہ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-112 جو کہ درج ذیل چارج پر مشتمل ہے۔

| چارج نمبر | آبادی |
|---|---|
| 23 | 64650 |
| 27 | 105602 |
| 28 | 36784 |
| 29 | 43441 |
| 32 | 52474 |
| کل | 302951 |
| صدرI | + 73895 |
| 198رب | + 30156 |
| کل آبادی | 407002 |

جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ چارج نمبر30-25 نکال دیا جائے تو PP-112 کی کل آبادی بعداز منہائی چارج نمبر30-25 کی کل آبادی 333107 افراد پر مشتمل رہ جائیگی۔ اس میں تجویز کیا جاتا ہے کہ اگر اس میں قانونگو حلقہ صدر I جس کی کل آبادی 52462 افراد پر مشتمل ہے کو صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-112 میں شامل کرنے پر کل افراد کی تعداد 388523 ہو جائیگی۔ اس طرح تمام مذکورہ حلقہ جات کی پوزیشن نہ صرف آبادی کے لحاظ سے بلکہ موقع پر واقعاتی طور پر بھی بہتر ہو جائیگی۔

6۔ یہ کہ حلقہ صوبائی اسمبلی PP-107 جو کہ قانونگو حلقہ سمن آباد (آبادی 8415) اور صدر II (آبادی 115031)، جبکہ

| چارج نمبر | آبادی |
|---|---|
| 40 | 67839 |
| 41 | 33016 |
| 42 | 54080 |
| 43 | 37681 |
| 34 | 78971 |
| کل آبادی | 271587 |
| صدرII | + 115031 |
| سمن آباد سٹی | + 8415 |
| کل آبادی | 395033 |

چارج نمبر 34 جو کہ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-113 مذکورہ بالا میں شامل کیا جانا تجویز شدہ تھا کو مذکورہ چارٹ سے نکال کر صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-107 میں شامل کیا جانا واقعاتی اور مجوزہ نقشہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق انتہائی موزوں ولازمی ہے۔ اور اسی طرح چارج نمبر 43 جو کہ PP-107 میں شامل ہے کو PP-107 سے نکال کر PP-114 میں شامل کیا جانا لازمی وضروری ہے۔ اس طرح چارج نمبر 34 کو شامل کرنے سے PP-107 کی کل آبادی 395033 ہو جائیگی۔ جبکہ واقعاتی طور پر حلقہ جات مذکورہ بالا کو واقعاتی طور پر کوئی گزند پہنچنے کا اندیشہ نہ ہے۔

7۔ یہ کہ مذکورہ بالا تمام امورات کی روشنی میں اور جاری شدہ نقشہ الیکشن کمیشن آف پاکستان وریونیو اتھارٹیز یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ چونکہ آج کل یہ بات زبان زدعام ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اس طرح قومی وصوبائی اسمبلیوں کے حلقہ جات کی تقسیم کی ہے کہ ایک صوبائی اسمبلی کے حلقہ دو یا تین قومی اسمبلیوں کے حلقہ جات کیساتھ شامل کر کے جدید حلقہ بندیاں تجویز کی گئی ہیں۔ ان تمام افواہوں اور نقشہ جات مذکورہ بالا اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ پریس ریلیز کی شق نمبر 8 کی منشاء کو مدنظر رکھتے ہوئے سائل پٹیشنر نے روز ہائے کی محنت اور کاوش کی روشنی میں بڑی ایمانداری اور کھلے دل کیساتھ چارج ہائے کی تقسیم کو نقشہ تجویز شدہ قومی وصوبائی اسمبلی کو سامنے رکھتے ہوئے نیک نیتی کیساتھ مذکورہ بالا تجاویز / اعتراضات کو مرتب کیا ہے۔ اور آنجناب سے بھی امید رکھتے ہیں کہ سائل / پٹیشنر کی محنت کو رائیگاں نہ کیا جائے اور قانون وانصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سائل / پٹیشنر کے مرتب کردہ اعتراضات / تجاویز کو لوگوں کی سہولت اور الیکشن میں افراتفری سے بچنے کیلئے اور الیکشن کمیشن کی ساکھ کو بحال رکھتے ہوئے سائل پٹیشنر کے اعتراضات کو تسلیم کیا جائے اور ازسرنو مجوزہ شدہ ترامیم / اعتراضات کو منظور فرمایا جائے۔ نیز سائل نے اپنی تجاویز / اعتراضات میں مین ریلوے لائن، روڈ، انہار باؤنڈری، انتظامی بلاک ہائے کو بھی ملحوظ رکھا ہے۔

**عــــــــــــــــرضـــــــــــــــے**

**شیخ اعجاز احمد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ولد عبدالرحیم**

سکنہ حال P-70 رحمان گارڈن ستیانہ روڈ فیصل آباد

MPA حلقہ PP-68 فیصل آباد سٹی

CH. RIAZ ASLAM
Advocate High Court
67-District Courts Faisalabad